# Your Baby's Audiology Hearing Test

# آپکے بچے کا آڈیالوجی ہیئرنگ ٹیسٹ




آپکے بچے کو مزید سماعت کے ٹیسٹوں کے لیے کسی ماہر سمیعات کے پاس بھیجا گیا ہے۔

یہ بروچر آپ کو بتائے گا کہ آپکے بچے کو کیوں ریفر کیا گیا ہے اور اس میں کیا ہوتا ہے۔

Queensland Government

Language: Urdu

Reviewed 2018

### آڈیالوجی اپائنٹمنٹ

تاریخ و وقت: ................................................

آڈیالوجی سروس: ................................................

................................................

پتہ: ................................................

ٹیلیفون نمبر: ................................................

اگر آپ کو اپنے بچے کی سماعت کی دوسری جانچ کے ایک ہفتے کے اندر آڈیالوجی کے لیے ملاقات کا وقت نہیں موصول ہوتا، تو مہربانی کرکے اس آڈیالوجی سروس جہاں آپ نے جانا ہوگا سے ، یا کیوایچ ایل ایف ایس ایس سے 075 352 1800 پر رابطہ کریں۔

## اگرآپ آپائنٹمنٹ پر نہیں آسکتے تو کیا ہوگا؟

اگرآپ آپائنٹمنٹ پر نہیں آسکتے، تو اپنے ماہرسمیعات کو جلد از جلد آپائنٹمنٹ سے پہلےمطلع کریں تاکہ اسے منسوخ یا دوبارہ شیڈول کیا جا سکے۔

بچوں کی ٹیسٹنگ اس وقت بہترین ہو سکتی ہے جب وہ نوجوان ہوں(کیونکہ وہ بہتر سوتے ہیں)۔ جہاں ممکن ہو آپائنٹمنٹ کے لیے تاخیر سے بچنا چاہیے۔

## آپائنٹمنٹ پر کیا لاگت آئے گی؟

آپ کا سماعت کی جانچ کرنے والا آپ کوآپ کے علاقے میں دستیاب آڈیالوجی سروسز کے بارے میں تفصیلات مہیا کرے گا۔

سرکاری آڈیالوجی خدمات میڈی کیئر کے لیے اہل بچوں کی سماعت کا مفت ٹیسٹ کرتی ہیں۔ یہ تمام بچوں کو دستیاب ہے، چاہے وہ پبلک یا پرائیویٹ ہسپتال میں پیدا ہوئے ہوں۔

اگر آپ پرائیویٹ ماہرسمیعات کے پاس جانے کا انتخاب کرتے ہیں، توآپ کو یہ جاننا پڑے گا کہ ٹیسٹنگ کی لاگت ہوتی ہے اور آپ کو سروس سے اس بارے میں بات چیت کرنے کے لیے رابطہ کرنا ہوگا۔

## اگر میرے بچےکو سماعت میں کمی لاحق نہ ہے تو کیا ہوگا؟

اگر ٹیسٹ ظاہر کرتے ہیں کہ آپکےبچےکو سماعت میں کمی لاحق نہ ہے تویہ بات پھر بھی اہم ہے کہ آپ اپنے بچے کی سماعت پر نظر رکھیں۔

کچھ بچوں کو ایسے خطرے کے عوامل لاحق ہو سکتے ہیں جن کی وجہ سے جب وہ بڑے ہوجائیں تو انکی سماعت میں کمی واقع ہو جائے۔ آپ کا ماہرسمیعات آپ کو بتائیگا اگر آپکے بچے کو یہ معاملہ درپیش ہے اور وہ آپکے بچے کے لیے ایک اور سماعت کے ٹیسٹ کا انتظام کریں گے ان کی پہلی سالگرہ سے قبل اگرضرورت ہوئی۔

اگرچہ کہ ان بچوں کی بہت کم تعداد کو قوت سماعت میں کمی ہوجاتی ہے جنہیں خطرے کے عوامل درپیش ہوں ، یہ بات پھر بھی اہم ہے کہ آپ کے بچے کو اضافی سماعت کے ٹیسٹ کروانے چاہیے اگر ان کی سفارش کی گئی ہو۔

سماعت میں کمی کا جلدکھوج لگا لینے سے آپ کے بچے کو بولنے و لسانی نشوونما اور کے مستقبل میں سیکھنے کا بہترین موقع ملتا ہے۔

## کوئینزلینڈ ہیئرنگ لاس فیملی سپورٹ سروس (کیوایچ ایل ایف ایس ایس)

کوئینزلینڈ ہیئرنگ لاس فیملی سپورٹ سروس (کیوایچ ایل ایف ایس ایس) ایسے بچوں کے خاندانوں کو مدد کی پیشکش کرتی ہےجنکی سماعت میں مستقل کمی کی تشخیص کی گئی ہو۔ اگر آپ کے بچے کی سماعت میں مستقل کمی پائی گئی ہو، تو ایک فیملی سپورٹ سہولت کار آپ سے رابطہ کرے گا، اور آپ کیساتھ اور آپ کے خاندان کیساتھ لمبے عرصے کام کرنے کے لیے دستیاب ہوگا۔

یہ سروس تمام خاندانوں کے لیے مفت ہے۔ اگر کیوایچ ایل ایف ایس ایس آ پ سے رابطہ نہیں کرتی، تو آپ ان سے رابطہ کرسکتے ہیں 075 352 1800 پر۔

یاد رکھیں کہ کسی بچے کی سماعت کو کسی بھی عمر میں ٹیسٹ کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کی سماعت کے بارے میں خدشات ہیں، تو اپنے ڈاکٹرسے رابطہ کریں کہ وہ آپ کی بچے کی سماعت کو ٹیسٹ کروانے کے لیے کسی ماہر سمیعات کو حوالے کا خط لکھے۔

## میرے بچے کو کسی ماہر سمیعات کے پاس کیوں بھیجا گیا ہے؟

آپ کے بچے کا دو دفعہ سماعت کی جانچ کے دوران ' ریفر' نتیجہ آیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سکریننگ کے دوران سماعت کے نقصان کے امکان کو ناپید نہیں کیا جا سکا، اور آپ کے بچے کو کسی ماہر سمیعات کے پاس سماعت کے مزید ٹیسٹوں کی ضرورت ہے۔ سماعت کی جانچ پر کسی بچے کا 'ریفر' نتیجہ آنے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ آپ کے بچے کو لاحق ہو سکی ہے:

- سماعت میں مستقل کمی؛
- سماعت میں عارضی کمی، پیدائش کے بعد کان میں کسی مائع یا عارضی رکاوٹ کی وجہ سے، جس کے باعث سماعت کی جانچ کے دوران ان کی سماعت متاثر ہوئی ہو؛
- سماعت کی جانچ کے دونوں موقعوں پر وہ پریشان رہا ہو، یا
- جانچ کے دوران پس منظر میں شورکا سامنا رہا ہو۔

## ایک ماہر سمیعات کیا ہوتا ہے؟

ایک ماہر سمیعات سماعت کا سپیشلسٹ ہوتا ہے جس کے پاس سماعت کے تفصیلی معائنے (سماعت کے لیے تشخیصی ٹیسٹ )کرنے کے لیے مہارتیں اور آلات ہوتے ہیں۔

## سماعت کے لیے تشخیصی ٹیسٹ کیا ہوتے ہیں؟

سماعت کے لیے تشخیصی ٹیسٹ یہ معلوم کرنے کے لیے ہوتے ہیں کہ کسی بچے سماعت نارمل ہے یا اسکی سماعت کم ہے۔ اگر اسکی سماعت کم ہو، تو تشخیصی ٹیسٹ ظاہر کرے گا:

- کیا یہ عارضی ہے یا مستقل
- سماعت میں کمی کی سطح یا درجہ (جس کی حد درمیانے سے مکمل سماعت کے نقصان تک ہوسکتی ہے)
- کیا سماعت میں کمی ایک یا دونوں کانوں میں ہے۔

اکثر ایک سے زیادہ ملاقات کے اوقات لینے پڑتے ہیں اپنے بچے کی سماعت کے بارے میں تمام معلومات لینے کے لیے۔

## ٹیسٹوں کے دوران کیا ہوتا ہوگا؟

آپ کا ماہرسمیعات مختلف ٹیسٹ کرے گا۔ ہر ٹیسٹ میں آپ کے بچے کی سماعتی نظام کے مختلف حصوں کو چیک کیا جاتا ہے۔ ماہرسمیعات ملاقات کے وقت ہرٹیسٹ کے بارے میں وضاحت کرے گا۔

## میرے بچے کے ٹیسٹ کب کیے جائیں گے؟

ایسے بچوں جن کا دونوں کانوں کے بارے میں 'ریفر' نتیجہ ہوتا ہے کو دوسری جانچ کے 2ہفتوں کے اندر ٹیسٹ کروانا چاہیے۔ ایسے بچوں جن کے ایک کان کے بارے میں 'ریفر' نتیجہ ہوتا ہے کو دوسری جانچ کے 6ہفتوں کے اندر ٹیسٹ کروانا چاہیے۔

## ٹیسٹنگ میں کتنا وقت لگتاہے؟

ہربچے کے لیے یہ مختلف ہوگا، لیکن ہرملاقات میں3 گھنٹے تک لگ سکتے ہیں۔زیادہ تر بچوں کو اتنے وقت کی ضرورت نہیں ہوتی، لیکن پھر بھی بہترین بات یہ ہے اس کے لیے آدھا دن وقف کرنا چاہیے۔

## مجھے اپنے بچے کو ٹیسٹ کے لیے کسطرح تیار کرنا چاہیے؟

آپ کاماہرسمیعات آپ کو فون کرے گا یا معلومات بھیجے گا کہ اپنے بچے کو کسطرح سے ٹیسٹنگ کے لیے تیار کرنا ہوتا ہے۔

اپنے بچے کو تیار کرنے سے ٹیسٹ کے عمل میں مدد ملتی ہے۔ آپ کے بچے کو ملاقات کے وقت جاگتے ہوئے آنا چاہیے، لیکن تھکا اور سونے کے لیے تیار ہو۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ زیادہ تر ٹیسٹ اس وقت کیے جاتے ہیں جب بچہ سو رہا ہوتا ہے، کیونکہ حرکت کرنے کا عمل ٹیسٹ میں رکاوٹ کا باعث بنتا ہے۔




ان ٹیسٹوں سے آپ کے بچے کو چوٹ نہیں لگتی یا کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں ہوتا ہے

یہ بات اہم ہے کہ ملاقات کے دن سے ایک دن قبل آپ ماہرسمیعات کو فون کریں اگر آپ کو تیاری کی معلومات موصول نہیں ہوئی ہوں یا آپ تذبذب کا شکار ہوں کہ کیا کرنا ہے۔

## میں اپنے نتائج کے بارے میں کب جانوں گا/گی؟

ہر ملاقات کے وقت آپ کا ماہرسمیعات آپ کی سماعت کے ٹیسٹوں کے نتائج کو آپ کے ساتھ زیر بحث لائے گا۔

## میرے بچے کے تشخیصی سماعتی ٹیسٹوں کے ممکنہ نتائج کیا ہوسکتے ہیں؟




## اگر میرے بچے کی سماعت کم ہے تو پھر کیا ہوگا؟

اگر آپ کے بچے کو سماعت میں عارضی کمی لاحق ہے ، تو آپ کا ماہر سمیعات ان کو دوبارہ دیکھنا چاہے گا۔ اگر سماعت میں عارضی کمی بہتر نہیں ہوتی، تو ماہر سمیعات سفارش کریگا کہ آپ اپنے بچے کو ماہر امراض ناک و گلہ (ای این ٹی) کو دکھائیں۔

اگر آپ کے بچے کو سماعت میں مستقل کمی لاحق ہے ،تو آپ کا ماہر سمیعات آپ کے بچے کو ان میں سے چند یا سب کے پاس بھیجے گا:

- بچوں کا سماعتی کلینک
- ماہر امراض ناک و گلہ
- ماہر امراض اطفال
- آسٹریلیئن ہیئرنگ، برائے سماعت میں مددگار آلے/آلات کی تنصیب
- کوئینزلینڈ ہیئرنگ لاس فیملی سپورٹ سروس (کیوایچ ایل ایف ایس ایس)
- دیگر ماہرانہ خدمات جن کی ضرورت ہو۔